قائداعظم ٹرافی سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ کے آٹھویں راؤنڈ کا پہلا روز مکمل

- خیبرپختونخوا اور بلوچستان کے درمیان میچ ایک ایک اننگزتک محدود
- سدرن پنجاب کے مختار احمد کی سنچری
- سندھ کی جانب سے سیف اللہ بنگش نے ناقابل شکست سنچری داغ دی

لاہور، 9نومبر2019ء:

کے آر ایل اسٹیڈیم راولپنڈی میں خیبرپختونخوا اور بلوچستان کے درمیان جاری میچ کا پہلا روز 5گھنٹے تاخیر سے شروع ہوا۔شہرمیں جاری حالیہ بارشوں کے باعث دونوں ٹیموں کے کپتانوں کی باہمی رضامندی سے میچ کو ایک ایک اننگز تک محدود کردیا گیا۔جس کے باعث دونوں ٹیموں کے درمیان پہلی اننگز کی بجائے براہ راست دوسری اننگز سے میچ کا آغاز کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ میچ کے پہلے روز کےبلوچستان نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیاجو مؤثر ثابت ہوا۔ دن کے اختتام پر خیبرپختونخوا کی ٹیم نے23 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر 77 رنز بنالیے ہیں۔

دوسری جانب ناردرن نے سدرن پنجاب کے 357 رنز کے جواب میں پہلی اننگز میں1وکٹ کے نقصان پر 11 رنز بنالیے ہیں۔ ڈرنگ اسٹیڈیم بہاولپور میں جاری میچ کے پہلے روز سدرن پنجاب نےپہلی اننگز میں مقررہ 83 اوورز میں 6وکٹوں کے نقصان پر 357 رنزبنائے۔مختار احمد اور انس مصطفیٰ پر مشتمل اوپننگ جوڑی نے سدرن پنجاب کو 223 رنز کا مضبوط آغاز فراہم کیا۔ مختار احمد نے 12 چوکوں اور 2 چھکوں کی مدد سے 132 رنز بنائے۔ انس مصطفیٰ نے 14 چوکوں اور 1 چھکے کی مدد سے 94 رنز کی اننگز کھیلی۔ نوید یاسین نے 64 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ ناردرن کی جانب سے اسامہ میر نے 4 اور شہزاد اعظم نے 2 وکٹیں حاصل کیں۔358 رنز کے تعاقب میں ناردرن کی ٹیم پراعتماد آغاز نہ کرسکی۔ دن کے اختتام پر ناردرن نے 5 اوورز میں

1وکٹ کےنقصان پر 11 رنز بنائے۔ میچ کے دوسرے روز حسن رضا 5 اور نوید ملک 3 کے انفرادی اسکور سے کھیل کا دوبارہ آغاز کریں گے۔

ادھر ایل سی سی اے گراؤنڈ لاہور میں سندھ نے سنٹرل پنجاب کے خلاف پہلی اننگز میں مقررہ 83 اوورز میں 6وکٹوں کے نقصان پر 332 رنز بنالیے ہیں۔ 32 رنز کے عوض ابتدائی 3 وکٹیں گرنے کے بعد سندھ کے مڈل آرڈر بلے باز محمد محسن اور احسان علی کے درمیان 193 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ محمد محسن 90 رنز بناکر آؤٹ ہوئے جبکہ احسان علی 51 رنز پر ریٹائرڈ ہوگئے۔ جس کے بعد چھٹے نمبر پر میدان میں اترنے والے سیف اللہ بنگش نے شاندار سنچری اسکور کرکے سندھ کا مجموعہ 300 کے پار لگانے میں مدد کی۔ انہوں نے 11 چوکوں کی مدد سے 116 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ سنٹرل پنجاب کی جانب سے بلاول اقبال نے 3 اور احمد بشیر نے 2وکٹیں حاصل کیں۔کن کشن قانون کے تحت احسان علی کی جگہ سید فراز علی کو سندھ کی ٹیم میں شامل کرلیا گیا ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk